پہنچانا ہے۔ لہٰذا میری عاجزانہ درخواست یہ ہے کہ اس مجاہد شہید کو داعیٔ اقامتِ دین کی حیثیت سے پیش کیا جائے۔

---

**عکس کعبہ و روضۃ الجنۃ** — ایک تعارف نامہ متعلق بہ کلام (حمد و نعت) ابو الاتیانہ، ع، س، مسلم۔

ع، س، مسلم صاحب نے حمد و نعت کی وسیع پُر نور فضاؤں میں عقیدت و فن کی جو رنگ برنگی قوس قزح ہماری نگاہوں کو ارزانی فرمائی ہے۔ اس کو ایک شعری مجموعے کی شکل میں اشاعت سے پہلے میں نے دیکھا۔ اور دیکھ کر ہی دل مرعوب ہو گیا۔ اس کی اشاعت پر ایک شاندار تقریب کراچی میں منعقد ہوئی۔ اس کتابچے میں اس کی ایک جھلک ہے۔

مسلم صاحب کے کلام کے متعلق اچھے درجے کے جن اہل قلم اور اربابِ سخن نے کلام کیا ہے، ان کے پُر زور تحسینی کلمات کو پڑھنے کے بعد مجھ ایسے کوتاہ فکر آدمی کو موزوں الفاظ ہی نہیں مل رہے۔ بہر حال یہ کتابچہ جو میرے سامنے ہے، یہ گواہ ہے کہ ع، س، مسلم نے بہت بڑا مقام حاصل کر لیا ہے۔ مبارک!

---

**پی۔ ایس۔ او ریویو کا خصوصی سیرت نمبر** — ماہنامہ پاکستان اسٹیٹ آئیل ریویو۔ پی۔ او بکس ۳۹۸۳ کراچی۔ مدیر جناب عبدالجلیل صاحب۔ سیرت نمبر مفت تقسیم کیا گیا ہے۔

مقامِ مسرت ہے کہ پی۔ ایس۔ او میں ایسے لوگ کام کر رہے ہیں، خصوصاً جناب عبدالجلیل ایسا مزاج رکھتے ہیں کہ تیل اور تیل کی دھار دیکھنے تک اپنی سرگرمیوں کو محدود کرنے کے بجائے انہوں نے اس چراغِ ہدایت کا تذکرہ چھیڑا ہے جو انوارِ الٰہی کے تیل سے روشن تھا اور ہے۔ زندگی میں شارع بن کر اور بعدِ حیات اسوہ بن کر وہ ہستی ہمارے سامنے جلوہ گر ہے۔

اس رسالے نے شاہ مصباح الدین شکیل کی لکھی ہوئی سیرت کو جز بہ جز شائع کرنے کا سلسلہ

شروع کیا ہے۔ پہلا حصہ ظہور قدسی (ولادت) سے غارِ حرا تک تھا۔ دوسرا حصہ غارِ حرا سے ہجرتِ حبشہ تک اور اب تیسرا حصہ ہجرتِ حبشہ سے مسجد قبا تک اشاعت میں آیا ہے۔ دلی اعتراف ہے کہ سیرتِ پاک بہت اچھی زبان میں لکھی گئی ہے اور اجمال اور تفصیل کے بین بین ایک ایسا راستہ اختیار کیا گیا ہے کہ نہ معلوماتی تشنگی رہتی ہے اور نہ پڑھنے والے کو طویل عبارت کا بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ پھر طباعت (آفسٹ) کی خوبصورتی نے حسنِ تحریر کو اور دوبالا کر دیا ہے۔ جہاں ضرورت تھی وہاں متعلقہ یا متاثرہ افراد کی فہرستیں دی گئی ہیں۔ کہیں نقشوں سے حقائق کو واضح کیا گیا ہے۔ جناب ابوطالب کے قصیدہ کا ترجمہ بھی شاملِ اشاعت ہے۔ حضورؐ اور بنو ہاشم سے مقاطعہ کرنے کے لیے جو معاہدہ کیا گیا تھا، اس کی دفعات درج ہیں۔ متعدد مقامات پر آیاتِ قرآنیہ سے استفادہ کیا گیا ہے، ذیلی سُرخیوں میں ادبیت ہے اور کہیں کہیں مصرعے یا مصرعوں کے اجزا لکھے گئے ہیں۔ سفرِ ہجرتِ نبوی کا رنگین نقشہ تو بہت ہی خوشنما ہے۔

اللہ تعالیٰ مؤلف، مدیر اور پی ایس او کے محبانِ رسالتؐ کو خاص جزا دے۔ ہم منتظر ہیں کہ بقیہ حصہ سیرت بھی جلد سامنے آئے اور پھر اسے یک جا کتابی شکل میں شائع کیا جائے۔

---

**الحسنات (اشاعت خاص)** مدیر: صابر فرقی صاحب ۔ دفتر: ۱۹-سی ۔منصورہ ۔ملتان روڈ لاہور
قیمت خاص نمبر ۱۲/- روپے ۔ عام شمارہ ۵/- روپے ۔ سالانہ ۵۰/- روپے

صابر فرقی صاحب معاشرے کی اصلاح اور دعوتِ حق کے فروغ کے لیے سچی تڑپ رکھتے ہیں۔ وہ اور ان کی بیگم صاحبہ بچوں سمیت اس مہم میں لگے رہتے ہیں۔ اس مرتبہ اُنھوں نے الحسنات کا "زکوٰۃ و عشر نمبر" نکالا ہے۔ اس نمبر کے اداریے میں انھوں نے کچھ تجاویز بھی پیش کی ہیں، جن کا مقصد یہ ہے کہ ایتائے زکوٰۃ و اخذِ زکوٰۃ کا جو ناقص تجربہ کیا گیا ہے اس کی خرابیوں اور ناکامیوں سے بچا جا سکے۔

پھر انھوں نے اس خاص نمبر کی محفل میں بہت سے لکھنے والوں کو جمع کر لیا ہے۔ جناب